حمد، نعت، مناجات اور مختلف نعروں کا مجموعہ

وسائلِ فردوس

شیخ طریقت، امیر اہلسنت، بانی دعوت اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال

محمد الیاس عطار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ، وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ،
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ،بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

اِلٰہی! میں تیری عطا مانگتا ہوں

(۲۰ رمضان شریف ۱۴۳۷ھ/26-06-2016)

اِلٰہی! میں تیری عطا مانگتا ہوں
کرم مغفِرت کی دُعا مانگتا ہوں

خُدا! تجھ سے تیری وِلا مانگتا ہوں
میں عشقِ شہِ اَنْبِیا مانگتا ہوں

اِلٰہی! نہیں مانگتا مال و دولت
فقط تجھ سے تیری رِضا مانگتا ہوں

صَحابہ کی اور اولیا کی محبّت
کی خیرات تجھ سے خُدا مانگتا ہوں

سدا کیلئے مجھ سے راضی ہو مولیٰ!
تری بہرِ رمضاں رِضا مانگتا ہوں

www.dawateislami.net

الٰہی! نہیں چاہئے تختِ شاہی
فَقَط تیری رَحمت خُدا! مانگتا ہوں

ہَوَس مجھ کو تاجِ شہی کی نہیں ہے
محمد (صلّی اللہ علیہ والہٖ وسلّم) کے در پر قضا مانگتا ہوں

پئے ماہِ رمضاں دِکھا سبز گنبد
میں حج کا شَرَف یا خدا مانگتا ہوں

پرے ہی رہو اے جہاں کے نظارو!
میں دیدارِ خَیرُ الْوَریٰ مانگتا ہوں

نہ دے ایسی خوشیاں جو غفلت میں ڈالیں
خدایا! غمِ مصطفیٰ مانگتا ہوں

الٰہی! غمِ ماہِ رَمضاں عطا ہو
میں یہ روتے روتے دعا مانگتا ہوں

گناہوں کے اَمراض نے مجھ کو مارا
اِلٰہی! میں ان سے شِفا مانگتا ہوں

www.dawateislami.net

مدینے میں مجھ کو شہادت عطا ہو
بقیعِ مبارک میں جا مانگتا ہوں

بچانا برے خاتمے سے بچانا
میں ایمان پر خاتمہ مانگتا ہوں

مری روح تن سے جدا ہو رہی ہے
خدا! جلوۂ مصطفیٰ مانگتا ہوں

ہے میدانِ محشر، بلا کی ہے گرمی
میں کوثر کا جام اے خدا! مانگتا ہوں

الٰہی! جہنّم سے آزاد کر دے
میں فردوس میں داخِلہ مانگتا ہوں

خدایا! بنیں بے نمازی، نمازی
بنا نیک سب کو دعا مانگتا ہوں

الٰہی! محمد (صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم) کے صدقے شِفا دے
مریضوں کے حق میں دعا مانگتا ہوں

ستاتے ہیں جو کوئی عطّار مجھ کو
میں اُن کے بھی حق میں دعا مانگتا ہوں

www.dawateislami.net

شَرَف مجھ کو ہر سال حج کا خدا دے

(٦ ربیعُ الاوّل شریف ١٤٤١ھ/04-11-2019)

شَرَف مجھ کو ہر سال حج کا خدا دے
مدینہ بھی ہر بار مولیٰ دکھا دے

تُو مکّہ دکھا دے، مدینہ دکھا دے
مِرے دل میں مکّہ مدینہ بسا دے

شَرَف دِیدِ کعبہ کا دیدے الٰہی!
مجھے سبز گُنْبد کا جلوہ دکھا دے

مِنٰی کے دل آویز و دلکش نظارے
اسی سال مجھ کو خدایا دکھا دے

میں اِحْرامِ حج باندھ کر آؤں عرفات
سعادت خدا یہ برائے رضا دے

الٰہی! تجھے واسِطہ فاطمہ کا
محمد (صلَّی اللّٰہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم) کے قدموں میں مجھ کو قضا دے

www.dawateislami.net

علی فاطِمہ کا، حُسین و حَسَن کا
وسیلہ بقیعِ مُبارَک میں جا دے

جو ہجرِ مدینہ میں روتے ہیں یا رب!
اُنہیں بھی کرم سے مدینہ دکھا دے

ترے خوف سے تیرے پیارے کے غم میں
جو آنسو بہائے وہ آنکھ اے خدا دے

تجھے واسِطہ چار یاروں کا یا رب!
دکھا خواب میں جلوۂ مصطَفٰے دے

عبادت میں لگ جائے دل یا الٰہی!
مِرے دل سے غفلت کا پردہ ہٹا دے

خدا! نفس نے ہے تباہی مچائی
مِری سب بُری خواہشوں کو مِٹا دے

سِیَہ ہے مِرا سارا اَعمال نامہ
الٰہی! سیاہی تو اِس کی مِٹا دے

www.dawateislami.net

مجھے نزع و قبر و قیامت میں مولیٰ
تو اَمن و اَماں دے تو اپنی رِضا دے

تو نُورِ محمد (صلَّی اللّٰہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم) کے صدقے میں یا ربّ!
کرم کر مِری قبر کو جگمگا دے

مِری مغفِرت کر برائے صَحابہ
جگہ خُلد میں از پئے اولیا دے

عذابِ جہنَّم سے خوف آ رہا ہے
مجھے بخش، کر درگزر ہر خطا دے

تجھے واسِطہ شاہِ کرب و بلا کا
تو کر دُور اللہ! رنج و بَلا دے

تو جسمانی بیماریاں دُور فرما
دے روحانی اَمراض سے بھی شِفا دے

مُبارَک ہو پھر ماہِ مِیلاد آیا
اے بھائی! تو گھر اور گلیاں سجا دے

خدا! دے وہ عطّار کو سوزِ اُلفت
مدینے کے غم میں جو اِس کو رُلا دے

www.dawateislami.net

یاخدا حج کا شرف دے مصطفٰے کے واسطے

(۱۹ ذُوالقعدۃِ الحرام ۱۴۳۹ھ/ 02-08-2018)

سر جُھکا ہے ہاتھ اُٹھائے ہیں دُعا کے واسطے
یا خدا! حج کا شَرف دے مصطفٰے کے واسطے

مکّے آ کر جھوم کر اللہ! کعبے کا طواف
میں کروں فرما کرم کُل انبیا کے واسطے

اِستِلامِ سنگِ اَسْوَد کی سعادت دے مجھے
حضرتِ مولیٰ علی مُشکِل کُشا کے واسطے

میں لپٹ کر مُلتَزم سے خوب رو رو کر دُعا
تجھ سے مانگوں یاخدا خواجہ پیا کے واسطے

رُو بقبلہ میں کھڑے ہو کر پیوں زم زم کے جام
یہ شرف بھی کر عطا کُل اولیا کے واسطے

پھر مِنٰی، عرفات و مُزدلفہ کے جلوے دیکھ لوں
یاالٰہی! ہو کرم غوثُ الْوریٰ کے واسطے

www.dawateislami.net

حجِ مَبرور اے خدا! سالِ رواں کر دے نصیب
یاالٰہی! اہلِ بیتِ مصطَفٰی کے واسطے

اب مدینے کی زیارت کی اجازت ہو عطا
چار یارانِ محمد مصطَفٰی کے واسطے

سبز گُنبد دیکھ کر آنکھیں ہوں ٹھنڈی دل ہو خوش
شاد ہوں روح و جگر مولیٰ! ضیا کے واسطے

کاتبِ تقدیر! لکھ دے موت طیبہ میں مری
دے بقیعِ پاک بی بی فاطمہ کے واسطے

گُنبدِ خضرا کے سائے میں شہادت دے مجھے
اے مِرے مولیٰ! شہیدِ کربلا کے واسطے

وَقتِ آخر جلوۂ محبوب کی خیرات دے
کلمہ پڑھتے پڑھتے نکلے دَم رضا کے واسطے

یاالٰہی! مغفِرت عطّار کی کر بے حساب
بہرِ کعبہ، سبز گُنبد کی ضیا کے واسطے

www.dawateislami.net

بخش دے میری ہر اِک خطا یاخدا

(۲۲ربیعُ الاوّل شریف ۱۴۳۶ھ / 14-01-2015)

بخش دے میری ہر اِک خطا یاخدا
فَضل سے نیک بندہ بنا یاخدا

ہوں بُروں سے بھی بڑھ کر بُرا یاخدا
صدقہ اچّھوں کا اچّھا بنا یاخدا

دردِ عصیاں کی دے دے دوا یاخدا
نیکیوں میں مِرا دل لگا یاخدا

نارِ دوزخ سے مجھ کو بچا یاخدا
باغِ جنّت میں گھر کر عطا یاخدا

نفس و شیطاں کے شر سے تو محفوظ رکھ
اور گناہوں سے ہر دَم بچا یاخدا

تو بنا نیک نیکوں کے صدقے مجھے
اور پابندِ سنّت بنا یاخدا

ہوں گناہوں کے امراض سے نیم جاں
از پئے مصطَفےٰ دے شِفا یاخدا

www.dawateislami.net

غیبتوں، چغلیوں، عیب دریوں سے اور
جھوٹ سے بھی مجھے تُو بچا یاخدا

کاش! بے کار باتوں سے بچتا رہوں
بس کروں تیری حمدو ثنا یاخدا

ہر گھڑی وِردِ لب ہو دُرُود و سلام
یاوَہ گوئی سے مجھ کو بچا یاخدا

کاش! اکثر نگاہیں جُھکی ہی رہیں
ہو عطا ایسی شرم و حیا یاخدا

حُسْنِ اَخلاق کی مجھ کو خیرات دے
بھیک اخلاص کی ہو عطا یاخدا

خوف سے تیرے دل تھر تھراتا رہے
آنکھ آنسو بہائے سدا یاخدا

سبز گُنْبَد کے سائے میں اے کاش! ہو
میرا ایمان پر خاتمہ یاخدا

موت کے وقت ہو جائے مولیٰ نصیب
دیکھنا جلوۂ مصطفٰی یاخدا

www.dawateislami.net

آہ! محشر کی دھوپ اَلْعَطَش اَلْعَطَش
اُن سے اِک جامِ کوثر دِلا یاخدا
بخش دے بے حساب اے خدا بخش دے
تجھ کو محبوب کا واسِطہ یاخدا
میرے ماں باپ کی آل و اَحباب کی
مغفِرت کر برائے رضا یاخدا
مجھ کو فرما دے حج کی سعادت عطا
پھر مدینے کی گلیاں دکھا یاخدا
مجھ کو عشقِ محمد کی سوغات دے
اشک بار آنکھ بھی ہو عطا یاخدا
غوثِ اعظم کا صدقہ مجھے خواب میں
اپنے پیارے کا جلوہ دکھا یاخدا
تیرا عطّار بوڑھا ہوا اب تو دُور
اِس سے کر دے تُو حرص و ہوا یاخدا
فَضْل و رَحمت سے جنّت میں عطّار کو
مصطَفٰے کا پڑوسی بنا یاخدا

www.dawateislami.net

یاخدا! پاک وطن کی تُو حفاظت فرما

(۹ شوّال شریف ۱۴۳۵ھ / 2014-08-06)

یاخُدا! پاک وطن کی تو حفاظت فرما
فَضْل کر اس پہ سدا سایۂ رَحْمت فرما

مرحبا پاک وطن پاک وطن پاکستان
دے ترقّی تُو عنایت اسے برکت فرما

لُطْف سے تیرے ملی پاک وطن کی سوغات
فَضْل سے اب مجھے جنّت بھی عنایت فرما

اس کو تو قَلْعۂ اسلام بنا دے یا رب!
میرے پیارے وطنِ پاک پہ رحمت فرما

شکر صد شکر غلامی سے ملی آزادی
پھر عنایت ہمیں کھوئی ہوئی شوکت فرما

www.dawateislami.net

آج ہے اُمّن، وطن کا مرے پارہ پارہ
پھر مُہَیّا مرے مولیٰ اِسے راحت فرما

ہائے! بدمست گناہوں میں ہوئے اہلِ وطن
یاخدا! سب کو عطا نیک ہدایت فرما

چور ڈاکو سے مِرے پاک وطن کو کر پاک
ملک سے دور تُو رشوت کی نحوست فرما

بچّہ بچّہ ہو نمازی مِرے پاکستاں کا
اور عطا جذبۂ پابندیِ سنّت فرما

واسِطہ شاہِ مدینہ کا اے پیارے اللہ
دور عطّار سے دنیا کی محبّت فرما

www.dawateislami.net

اے خدا ہر مبلّغ کو آباد رکھ

(۵ ذُوالحجۃِ الحرام ۱۴۳۶ھ/20-09-2015)

اے خُدا ہر مُبلِّغ کو آباد رکھ
ان کے سارے گھرانے کو بھی شاد رکھ

جامعاتُ المدینہ کو آباد رکھ
ان کے ہر ایک استاد کو شاد رکھ

اُن کی سب طالِبات اور طُلّاب کو
شاد رکھ شاد رکھ شاد و آباد رکھ

ان کو عِلم و عمل کا تو پیکر بنا
راہِ سنّت پہ ان کو چلا، شاد رکھ

ہر مبلّغ کو تُو بخش دے بے حساب
سب کو قبر و قِیامت میں بھی شاد رکھ

عاشِقانِ رسول اے خدا خوش رہیں
دشمنانِ نبی کو تو برباد رکھ

عاشِقانِ رسول آفتوں سے بچیں
ان کو امن واماں دے انہیں شاد رکھ

مرکزی مجلس شوریٰ پر ہو کرم
اس کے ہر رُکن کو شاد و آباد رکھ

ہو ہر اسلامی بھائی پہ رحمت مُدام
ساری اسلامی بہنوں کو بھی شاد رکھ

اہلِ اسلام پُھولیں پَھلیں خوش رہیں
دین کے دشمنوں کو تو برباد رکھ

نیکیاں بھی کرے سنّتوں پر چلے
دیں پہ قائم سدا میری اولاد رکھ

مدنی چینل کو تو نظرِ بد سے بچا
ہر مُعاوِن کو بھی اس کے تو شاد رکھ

مولا! عطّار کو از پئے مصطفیٰ
دیدے جنّت، جہنّم سے آزاد رکھ

www.dawateislami.net

”کرونا“ سے ہم کو بچا یاالٰہی

(۱۹ رَجَبُ شریف ۱۴۴۱ھ/15-3-2020)

(2020ء میں کُرونا کی وَبا پھیلی جس نے تقریباً ساری دُنیا کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، اِس کی وجہ سے لاکھوں اَموات ہوئیں، اُن دنوں یہ منظوم دعا تحریر کی گئی)

”کُرونا“ سے ہم کو بچا یاالٰہی! پَرے ہو یہ ہم سے بلا یاالٰہی
”کُرونا“ میں جو مُبتلا ہیں انہیں تُو کرم سے عطا کر شِفا یاالٰہی
”کُرونا“ سے سب لوگ گھبرا گئے ہیں تو ہمّت دے اور حوصلہ یاالٰہی
”کُرونا“ ہمارا بھلا کیا بگاڑے سہارا ہے ہم کو ترا یاالٰہی
”کُرونا“ کا ڈر دُور فرما کے یارب! تو کر خوف اپنا عطا یاالٰہی
زباں پر ”کُرونا کُرونا“ کے بدلے رہے ذِکر ہو یاخدا یاالٰہی
”کُرونا“ کا شاہِ مدینہ کے صدقے تو دُنیا سے کر خاتمہ یاالٰہی
”کُرونا“ کے بدلے گناہوں کا ڈر دے ندامت سے ہم کو رُلا یاالٰہی
ڈریں نارِ دوزخ سے اے کاش ہر دم تو جنّت میں ہم کو بسا یاالٰہی
گناہوں سے توبہ کی توفیق دے دے ہمیں نیک بندہ بنا یاالٰہی
رہے خوف ہر دم بُرے خاتمے کا ہو ایمان پر خاتمہ یاالٰہی

تو عطّار کو دے دے شوقِ ملاقات
تو قُرب اپنا کر دے عطا یاالٰہی

www.dawateislami.net

گدائے اعلیٰ حضرت ہوں

(۱۳ صَفَرشریف ۱۴۴۳ھ/ 21-09-2021)

الٰہی! فَضْل ہے تیرا، گدائے اعلیٰ حضرت ہوں
کرم ہے آپ کا آقا، گدائے اعلیٰ حضرت ہوں
وسیلہ سب صَحابہ کا، ہے صدقہ آلِ زَہرا کا
کرم ہے غوث و خواجہ کا، گدائے اعلیٰ حضرت ہوں
ملی اُمّت محمد (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) کی، غلامی غوثِ اعظم کی
دَرِ خواجہ کا ہوں منگتا، گدائے اعلیٰ حضرت ہوں
مدینے آکے پھر جلوہ، میں دیکھوں سبز گُنْبد کا
رَضا کا یانبی! صَدقہ، گدائے اعلیٰ حضرت ہوں
خُدایا تیری اُلْفت میں، محمد (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) کی مَحَبَّت میں
مجھے آیا کرے رونا، گدائے اعلیٰ حضرت ہوں
دبا مت نَفْسِ اَمّارہ، گناہوں پر نہ اب اُکسا
اے شیطاں دَفع تُو ہو جا، گدائے اعلیٰ حضرت ہوں

www.dawateislami.net

خُدایا ہو کرم ایسا، بَجا دوں اُن کی سُنَّت کا
جہاں میں چار سُو ڈَنکا، گدائے اعلیٰ حضرت ہوں

خُدا! احمد رضا خاں کے، چلوں نقشِ قَدم پہ میں
عطا توفیق تو فرما، گدائے اعلیٰ حضرت ہوں

الٰہی! یہ سَعادت دے، مدینے میں شہادت دے
وسیلہ چار یاروں کا، گدائے اعلیٰ حضرت ہوں

خُدا کی خاص رَحمت سے، مجھے اُمّیدِ واثق ہے
پڑھوں گا نَزْع میں کلمہ، گدائے اعلیٰ حضرت ہوں

جہنّم سے اَماں دے دے، مجھے باغِ جِناں دے دے
مِرے مولیٰ! کرم فرما، گدائے اعلیٰ حضرت ہوں

امیروں مال داروں کی، جہاں کے تاج داروں کی
مجھے عطّار کیا پروا، گدائے اعلیٰ حضرت ہوں

www.dawateislami.net

حج کے اسباب آقا بنا دو

(پہلی جُمادَی الاُخریٰ ۱۴۴۰ھ / 06-02-2019)

حج کے اسباب آقا بنا دو — مجھ کو میٹھا مدینہ دکھا دو

مُژدۂ جاں فزا اب سنا دو — سوئی تقدیر میری جگا دو

اپنے جلوے نظر میں بسا دو — میرا سینہ مدینہ بنا دو

حج کروں پھر مدینے میں آؤں — یہ شَرَف یا حبیبِ خدا دو

جھوم کر گردِ کعبہ پھروں میں — یہ سعادت خدا سے دِلا دو

اپنے محراب و مِنْبَر کا در کا — سبز گُنْبد کا جلوہ دِکھا دو

خوب مکّے کی گلیوں میں گھوموں — اب مِنٰی کی بہاریں دکھا دو

مجھ کو عرفات کے بھی مناظر — از پئے غوثِ اعظم دکھا دو

ہِجْرِ طیبہ میں جو خوب روئیں — ایسی آنکھیں پئے مُرتَضیٰ دو

غم مدینے کا اور بے قراری — از پئے شاہِ کرب و بلا دو

آخری دن مِری عُمر کے ہیں — میرا مَسْکَن مدینہ بنا دو

کاش! قدموں میں آئے مجھے موت — میرا مدفن مدینہ بنا دو

www.dawateislami.net

دم نکلنے کی جاں سوز گھڑیاں آگئیں، آ کے کلمہ پڑھا دو
میری میّت پہ شاہِ مدینہ! اپنی رَحمت کی چادر اُڑھا دو
ہو بقیعِ مبارک میں تدفین یہ شَرَف از پئے فاطِمہ دو
قَبْر میں گُھپ اندھیرا ہے چھایا آ کے ماہِ عرب! جگمگا دو
گرمیِ حشر سے مُضْطَرِب ہوں جامِ کوثر خدارا پلا دو
ہو گنہگار پر چشمِ رحمت اپنے اللہ سے بخشوا دو
آہ! دوزخ کا حق دار ہوں میں رب کی رحمت سے جنّت دلا دو
دو شِفا ہر بدی کے مَرَض سے نیکیاں کرنے والا بنا دو
سارے روحانی جسمانی اَمراض دور ہوں، صحّتِ کاملہ دو
میرے غم راحتوں سے بدل کر دل کی مُرجھائی کلیاں کھلا دو
ہو سَدا رب کی رَحمت کا سایہ یا نبی! تم مجھے یہ دُعا دو
بولتا ہوں بہت تم زباں کا مجھ کو قُفْلِ مدینہ شہا دو
نظریں جھکتی نہیں ہیں، نظر کا مجھ کو قفلِ مدینہ شہا دو
حج کرے ہر برس کاش! عطّار
یہ سعادت رسولِ خدا دو

www.dawateislami.net

میٹھے مدینے میں بلا اے آخری نبی

(۷ ذُوالحجۃِ الحرام ۱۴۴۱ھ/29-07-2020)

میٹھے مدینے میں بُلا، اے آخری نبی
پھر گُنبدِ خضرا دِکھا، اے آخری نبی

آ کر کروں روتے ہوئے کعبے کا مَیں طَواف
مکّے کے جلوے پھر دِکھا، اے آخری نبی

رب کی عبادت کی مجھے توفیق چاہیے
فرمایئے حق سے دُعا، اے آخری نبی

کر اپنی، اپنی آل کی، اَصحاب پاک کی
اُلفت میں گم یا مصطَفٰی، اے آخری نبی

دنیا کی اُلفت میں نہ روؤں کاش! میں کبھی
بس عشق میں اپنے رُلا، اے آخری نبی

ہے دَست بَستہ سر جُھکا کر عرض سیِّدی!
تو خواب میں جلوہ دکھا، اے آخری نبی

آلائشوں سے پاک کر کے میرے دل میں تو
آجا سما جا گھر بنا، اے آخری نبی

www.dawateislami.net

سب انْبِیا کے ہو تمہیں سردار لاجرم
تم سا نہیں ہے دوسرا، اے آخری نبی
بعد آپ کے ہرگز نہ آئے گا نبی نیا
وَاللہ! ایمان ہے مِرا، اے آخری نبی
ایمان کی سلامتی کی بھیک ہو عطا
خالی نہ اب دَر سے پھرا، اے آخری نبی
اُمّت "کُرونا وائرس" سے تنگ ہے حُضُور!
دنیا سے جائے یہ وبا، اے آخری نبی
سرکار! عصیاں کے مَرَض سے نیم جان ہوں
دے دو خدارا اب شِفا، اے آخری نبی
آقا! سُنہری جالیوں کے رُو برو ہو کاش!
ایماں پہ میرا خاتمہ، اے آخری نبی
دے دے شَفاعَت کی مجھے خیرات خیر سے
روزِ قِیامت بخشوا، اے آخری نبی
نارِ جہنّم سے بچا کر حشر میں مجھے
قدموں میں جنّت میں بسا، اے آخری نبی
اب وَقْتِ رِحْلت آگیا عطّارِ زار کا
جلوہ دِکھا، کلمہ پڑھا، اے آخری نبی

www.dawateislami.net

ہر عبادت سے اعلیٰ عبادت نماز

(۹ ربیعُ الآخر شریف ۱۴۴۱ھ/07-12-2019)

ہر عبادت سے برتر عبادت نماز
ساری دولت سے بڑھ کر ہے دولت نماز

قلبِ غمگیں کا سامانِ فرحت نماز
ہے مریضوں کو پیغامِ صحّت نماز

نارِ دوزخ سے بے شک بچائے گی یہ
رب سے دلوائے گی تم کو جنّت نماز

پیارے آقا کی آنکھوں کی ٹھنڈک ہے یہ
قلبِ شاہِ مدینہ کی راحت نماز

بھائیو! گر خُدا کی رِضا چاہیے
آپ پڑھتے رہیں باجماعت نماز

آؤ مسجِد میں جُھک جاؤ رب کے حُضُور
تم کو دلوائے گی حق سے رِفْعت نماز

اے غریبو! نہ گھبراؤ سجدے کرو
دے گی برکت، مٹائے گی غُربت نماز

صَبْر سے اور نمازوں سے چاہو مدد
پوری کروائے ہر ایک حاجت نماز

www.dawateislami.net

خوب نفلوں کے سَجدوں میں مانگو دُعا
پوری کروائے گی رب سے حاجت نَماز
کیوں نَمازی جہنَّم میں جائے بھلا!
اس کو دلوائے گی باغِ جنّت نَماز

جو مسلمان پانچوں نَمازیں پڑھیں
لے چلے گی اُنہیں سوئے جنّت نَماز
ہوگی دنیا خراب آخرت بھی خراب
بھائیو! تم کبھی چھوڑنا مت نَماز

بے نَمازی جہنَّم کا حقدار ہے
بھائیو! تم کبھی چھوڑنا مت نَماز
قبر میں سانپ بچھّو لپٹ جائیں گے
بھائیو! تم کبھی چھوڑنا مت نَماز

سہہ سکو گے نہ دوزخ کا ہرگز عذاب
بھائیو! تم کبھی چھوڑنا مت نَماز
دیکھو! اللہ ناراض ہوجائے گا
بھائیو! تم کبھی چھوڑنا مت نَماز

یاخُدا تجھ سے عطّار کی ہے دُعا
مصطفٰی کی پڑھے پیاری اُمّت نَماز

www.dawateislami.net

ماہِ رمضان آنے والا ہے

(۲۱ شعبان شریف ۱۴۴۲ھ/05-04-2021)

خُدا کی ہے عنایت ماہِ رمضان آنے والا ہے
ہوئی مولیٰ کی رحمت، ماہِ رمضان آنے والا ہے

مَہِ رَمضاں، مَہِ غُفراں، مَہِ سُبحاں، مَہِ رَحماں
کُھلیں گے بابِ جنّت، ماہِ رمضان آنے والا ہے

مَساجِد ہوں گی پھر آباد شیطاں جل مرے ناشاد
ملے مومن کو فَرحت ماہِ رمضان آنے والا ہے

دل مَغموم پھر اِک بار خوشیوں سے ہوا سرشار
ہوئی حاصل مَسَرَّت ماہِ رمضان آنے والا ہے

خوشی سے جھومتا ہے دل مچی ہے قلب میں ہلچل
مِلی عاشق کو فَرحت ماہِ رمضان آنے والا ہے

تراویح اور، نمازوں میں، کمی ہوگی نہ روزوں میں
کرو مل کر، یہ نیّت، ماہِ رمضان آنے والا ہے

www.dawateislami.net

الٰہی! عافیت دینا، سلامت دل عطا کرنا
عطا کر دے تو صحّت، ماہِ رمضان آنے والا ہے

میں رمضانُ المبارک پاؤں روزے سارے رکھ پاؤں
تُو رکھ زندہ سلامت، ماہِ رمضان آنے والا ہے

نبی کے عشق میں روؤں، مدینے کیلئے تڑپوں
خُدا دے سوز و رِقّت، ماہِ رمضان آنے والا ہے

رہوں قائم میں توبہ پر، خُدایا فَضْل ایسا کر
گناہوں سے دے نفرت، ماہِ رمضان آنے والا ہے

خُدا ایسی عنایت کر، میں کانپوں خوف سے تھر تھر
ہو عصیاں سے حفاظت، ماہِ رمضان آنے والا ہے

عبادت میں ریاضت میں، دُرُودوں میں تِلاوت میں
الٰہی! دے دے لذّت، ماہِ رمضان آنے والا ہے

محمد مصطَفٰے (صلّی اللہ علیہ والہٖ وسلّم) کا واسِطہ تُو بخش دے مولیٰ
عطا کر باغِ جنّت، ماہِ رمضان آنے والا ہے

خُدا عطّار کی بخشِش، تُو فرما دے بِلا پُرسِش
طُفیلِ اعلیٰ حضرت، ماہِ رمضان آنے والا ہے

www.dawateislami.net

جہاں میں پھر مہِ رَمضان آگیا یارَبّ!

(۲۹ شعبان شریف تا ۳ رَمضان شریف ۱۴۳۵ھ)

نصیب تیرے کرم سے چمک اٹھا یا رب!
جہاں میں پھر مہِ رمضان آ گیا یا رب!

ہے لاکھ لاکھ ترا شکر پھر دیا رمضان
کرم سے ذوقِ عبادت بھی ہو عطا یا رب!

الٰہی عشرۂ رحمت کی ہوگئی آمد
ہمیں بھی بھیک دے رحمت کی یاخدا یارب!

کرم سے عشرۂ رحمت کو پا لیا ہم نے
تو بخش عشرۂ رحمت کا واسِطہ یا رب!

طفیل عشرۂ رحمت ہو ساتھ ایماں کے
ترے حبیب کے جلووں میں خاتمہ یا رب!

کریم! عشرۂ رحمت دیا کرم سے اب
عذاب دُور ہو رحمت سے قبر کا یارب!

www.dawateislami.net

ہے کوچ عشرۂ رحمت کی عنقریب اب آہ!
عطا ہو غم، مہِ رمضان کا عطا یا رب!

ہمارے سارے مریضوں پہ فضل و رحمت ہو
اِنہیں ہو از پئے رمضاں عطا شفا یارب!

جو عاشقانِ رسول آفتوں سے ہیں دو چار
نجات اُنہیں پئے رمضان کر عطا یارب!

جو تنگ دست ہیں اُن پر کرم ہو یااللہ!
دے ان کے رِزْق میں برکت پئے رضؔا یارب!

ترے حبیب کے جو بھی غلام ہیں مقروض
نَجات قرض سے اُن کو تو کر عطا یارب!

اُنہیں خوشی دے مسرّت دے عیش وراحت دے
جو تیرے بندے ہیں صدموں میں مبتَلا یارب!

جو بھتّا خور، لٹیرے ہیں چور ڈاکو ہیں
اُنہیں تُو توبہ کا کر دے شَرَف عطا یارب!

www.dawateislami.net

بنے اب اَمْن کا گہوارہ ملکِ پاکستان
الٰہی دیتا ہوں رمضاں کا واسِطہ یارب!

ترے کَرم سے ملا مغفِرت کا ہے عشرہ
رِہائی نارِ جہنّم سے ہو عطا یارب!

الٰہی آ گیا رمضاں کا آخِری عشرہ
رِہائی نارِ جہنّم سے ہو عطا یارب!

الٰہی رہ گئے رمضاں کے آخِری روزے
رِہائی نارِ جہنّم سے ہو عطا یارب!

الٰہی رہ گئیں رمضاں کی آخِری گھڑیاں
کَرم سے بخش بھی دے ہم کو یاخدا یارب!

الٰہی! دے دے تو عطّار کو غمِ رمضاں
رُلائے غم اسے رمضان کا سدا یارب!

www.dawateislami.net

مجھ کو رَمضان سے محبَّت ہے

(۱۴ رَمَضان شریف ۱۴۴۲ھ / 27-04-2021)

میرے ربّ کی یہ خاص رَحْمت ہے، مصطَفٰے کی بڑی عنایت ہے
غوث و احمد رضا کی برکت ہے، مجھ کو رَمضان سے مَحبَّت ہے
ماہِ رمضاں سے جس کو اُلفت ہے، قابلِ رشک اُس کی قسمت ہے
بے شک اُس پر خُدا کی رَحْمت ہے، قبر و مَحشر میں وہ سلامت ہے
ماہِ رمضاں جہاں میں پھر آیا، مغفِرت کا پیام ہے لایا
رَحْمتِ حق کا ہوگیا سایہ، لحظہ لحظہ نُزُولِ رحمت ہے
خوب رونق ہے ماہِ غُفراں کی، کیسی برکت ہے ماہِ قُرآں کی
واہ کیا بات ماہِ رمضاں کی، کیا ہی رمضاں کی شان و شوکت ہے
پہلا عَشرہ ہے خاص رَحمت کا، دوسرا مغفِرت کا ہے عَشرہ
تیسرے میں ملے گی آزادی، نار سے اُس کو جس پہ رَحمت ہے

www.dawateislami.net

مسجِدیں ہوگئی ہیں پھر آباد، بڑھ گئی نیکیوں کی ہے تعداد

سرد بدیوں کا ہوگیا بازار، بڑھ گیا جذبۂ عبادت ہے

واہ سحری کی کیا بہاریں ہیں، خوب اِفْطار کے نظارے ہیں

روزہ داروں کے وارے نیارے ہیں، کیا تراویح کی بھی لذّت ہے

ماہِ رمضاں کا غم عطا فرما، یاخدا! چشمِ نم عطا فرما

ماہِ رمضاں کے عشق میں رونا دو جہاں کیلئے سعادت ہے

ماہِ رمضاں کے روزہ داروں کی، خوش نصیبی ہے اور خوش بختی

اُس کو فیضانِ ماہِ رمضاں سے خُلد ملتی ہے ملتی جنّت ہے

مالکِ دو جہاں! پئے جاناں، تُو بنا اس کو عاشقِ رمضاں

ماہِ رمضاں کے عشق میں تڑپے، عرضِ عطّارؔ ربِّ عزّت ہے

www.dawateislami.net

کرم ہے خدا کا، خدا کی عطا ہے

(۲۸ ذُوالحجۃِ الحرام ۱۴۴۰ھ/30-08-2019)

کرم ہے خدا کا، خدا کی عطا ہے
مِرے ہاتھ میں دامنِ مصطفیٰ ہے

کرم حاجیو! تم پہ کیسا ہوا ہے!
تمہیں مُژْدَہٗ مغفرت مل گیا ہے

مُبارَک! شَرَف تم کو حج کا ملا ہے
نظارہ مدینے کا تم نے کیا ہے

خدا کے کرم سے بھری جھولیاں ہیں
نبی کی عنایت سے دامن بھرا ہے

سدا خفیہ تدبیر سے رب کی ڈرنا
سُنو! آخرت کا اِسی میں بھلا ہے

بِالآخر مدینے کو چھوڑ آئے حاجی
کوئی غمزدہ ہے، کوئی رو رہا ہے

چُھٹا آہ! کعبہ، چُھٹا سبز گُنْبد
چُھٹا ہائے مکہ، مدینہ چُھٹا ہے

ہے ہجرِ مدینہ میں رنجیدہ کوئی
تو آقا کے غم میں کوئی غمزدہ ہے

www.dawateislami.net

مدینے سے رخصت کا ایک ایک لمحہ
محمد (صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم) کے عُشّاق پر جاں گزا ہے
سُکونِ دل و جاں مدینے کی گلیاں
وہاں کا سماں کیف و مستی بھرا ہے
مجھے چشمِ نَم دو، مدینے کا غم دو
اے شاہِ مدینہ! مِری اِلتجا ہے
میں حج کرنے آؤں مدینہ بھی دیکھوں
مِرے دل میں یہ آرزو یاخدا ہے
خدا! ہر مسلماں کو حج و زیارت
کا دیدے شَرَف عاجِزانہ دعا ہے
وہ پھولا سماتا نہیں ہے خوشی سے
مدینے کا جس کو بلاوا ملا ہے
بھرا ہے گناہوں سے اَعمال نامہ
شَفاعَت کی عرض اے شفیعُ الوَرا ہے
گنہگار ہوں میں، سیہ کار ہوں میں
خدا! مغفِرت کر، مِری اِلتجا ہے
شَرف پائے عطّارؔ ہر سال حج کا
خدائے محمد! یہ تجھ سے دُعا ہے

www.dawateislami.net

قافلہ سوئے مدینہ آرہا ہے ہو کرم

(مکۃُ المکرّمہ میں ۱۴ ذُوالحجۃ الحرام ۱۴۴۰ھ/ 15-08-2019 کو سات اشعار لکھے، پھر ذُوالحجۃ الحرام کی 15 ویں رات مدینۂ پاک جاتے ہوئے ٹرین میں کلام کی نوک پلک سنواری اور دو اشعار کا اضافہ کیا، پھر وطن آکر بھی معمولی سا تصرّف کیا)

قافِلہ سوئے مدینہ آرہا ہے ہو کرم
سوزشِ سینہ عطا ہو یا نبی دو چشمِ نَم

قافِلہ اب ”چل مدینہ“ کا چلا سوئے حرم
یارسولَ اللہ! سب پر کیجئے چشمِ کرم

قافلے میں ”چل مدینہ“ کے ہیں جتنے بھی شریک
سب پہ ہو رَحمت خدا کی مصطفٰے کا ہو کرم

شاہِ والا! میں گنہگاروں کا بھی سردار ہوں
تم شہِ ابرار ہو یا سیِّدِ عرب و عجم

www.dawateislami.net

فَضْلِ رب سے آپ تو ہر چیز کے مُختار ہیں
عرشِ اعظم آپ کا ہے، آپ کے لَوح و قلم

یا نبی! مجھ کو بنادو تم مدینے کا فقیر
میں نہیں، ہرگز نہیں ہوں طالبِ جاہ و حَشَم

یا نبی! ہم کو شَفاعَت کی عطا خیرات ہو
عاصیوں کا آپ کے ہاتھوں میں ہے آقا بھرم

گُنْبدِ خضرا کو چومے جس گھڑی میری نظر
کاش! اُسی دم دیکھ لوں میں جلوۂ شاہِ اُمَم

دم لبوں پر آگیا عطّار کا یامصطَفیٰ
ہو کرم شاہِ حرم! نکلے ترے جلووں میں دم

www.dawateislami.net

کیوں نہ ہو رُتبہ بڑا اَصحاب و اہلِ بیت کا

(۲۴ صفرِ شریف ۱۴۴۲ھ/11-10-2020)

کیوں نہ ہو رُتبہ بڑا اَصحاب و اہلِ بیت کا
ہے خُدائے مصطفٰی، اَصحاب و اہلِ بیت کا

آل و اَصحابِ نبی سب بادشہ ہیں بادشاہ
میں فَقَط ادنٰی گدا اَصحاب و اہلِ بیت کا

میری جھولی میں نہ کیوں ہوں دو جہاں کی نعمتیں
میں ہوں منگتا میں گدا اَصحاب و اہلِ بیت کا

کیوں ہو مایوس اے فقیرو! آؤ آ کر لوٹ لو
ہے خزانہ بٹ رہا اَصحاب و اہلِ بیت کا

فَضْلِ رب سے دو جہاں میں کامیابی پائے گا
دل سے جو شَیدا ہوا اَصحاب و اہلِ بیت کا

اے خدائے مصطفٰی! ایمان پر ہو خاتمہ
مغفِرت کر! واسِطہ اَصحاب و اہلِ بیت کا

جینا مرنا اُن کی اُلفت میں ہو یارب! اور ہو
قُرب جنّت میں عطا اَصحاب و اہلِ بیت کا

حَشْر میں مجھ کو شفاعت کی عطا خیرات ہو
واسِطہ یا مصطفٰی! اَصحاب و اہلِ بیت کا

www.dawateislami.net

نُور والے! قبر میری حشر تک روشن رہے
واسِطہ تم کو شہا! اَصحاب و اہلِ بیت کا

ہر برس میں حج کروں، میٹھا مدینہ دیکھ لوں
یاالٰہی! واسِطہ اَصحاب و اہلِ بیت کا

نَزْع میں حَسنین کے نانا کا جلوہ ہو نصیب
یاالٰہی! واسِطہ اَصحاب و اہلِ بیت کا

دے گناہوں سے نَجات اور مُتّقی مجھ کو بنا
یاالٰہی! واسِطہ اَصحاب و اہلِ بیت کا

دَرْدِ عصیاں کی دوا مل جائے میں بن جاؤں نیک
یاالٰہی! واسِطہ اَصحاب و اہلِ بیت کا

دور ہو دنیا سے مولیٰ "یہ کُرونا" کی وبا
یاالٰہی! واسِطہ اَصحاب و اہلِ بیت کا

شاہ کی دُکھیاری اُمّت کے دُکھوں کو دور کر
یاالٰہی! واسِطہ اَصحاب و اہلِ بیت کا

تنگدستی دُور ہو اور رِزْق میں برکت ملے
یاالٰہی! واسِطہ اَصحاب و اہلِ بیت کا

یاالٰہی! شکریہ عطّار کو تو نے کِیا
شعر گو، مِدحت سَرا اَصحاب و اہلِ بیت کا

www.dawateislami.net

یاحَسن ابنِ علی! کردو کرم

(رَمَضانُ شریف ۱۴۳۸ھ/ جون 2017ء)

راکبِ[۱] دوشِ[۲] شہنشاہِ اُمَم
یاحَسَن ابنِ علی! کردو کرم!

فاطِمہ کے لال[۳] حیدر کے پِسر[۴]!
اپنی اُلفت دو مجھے دو اپنا غم

اپنے نانا کی مَحبَّت دیجئے
اور عطا ہو قلبِ مُضطَر[۵] چشمِ نَم[۶]

خُو[۷] مِٹے بے کار باتوں کی رہے
لب[۸] پہ ذِکرُ اللہ میرے دم بَدَم[۹]

اے سخی ابنِ سخی اپنی سخا[۱۰]
سے دو حصّہ سیِّدِ عالی حَشَم[۱۱]

آل و اصحابِ نبی سے پیار ہے
ساری سرکاروں کے در پر سر ہے خَم[۱۲]

پیشوائے نوجوانانِ بہِشت
ہیں محمد (صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم) کے نواسے لاجَرَم

یاحَسَن! ایماں پہ تم رہنا گواہ
عبدِ حق ہوں خادِمِ شاہِ اُمَم

www.dawateislami.net

آہ! پلّے میں کوئی نیکی نہیں
عرصۂ محشر[13] میں رکھ لینا بَھرَم[14]

میرا دل کرتا ہے میں بھی حج کروں
ہو عطا زادِ سفر چشمِ کرم!

طیبہ دیکھے اِک زمانہ ہوگیا
یاحَسَن! دِکھلادو نانا کا حرم

جذبہ دو ''نیکی کی دعوت'' کا مجھے
راہِ حق میں میرے جَم جائیں قدم

میں سدا[15] دینی کُتُب لکھتا رہوں
یاحَسَن! دے دیجئے ایسا قلم

دین کی خدمت کا جوش و وَلوَلہ[16]
ہو عنایت یا امامِ مُحترم!

اے شہیدِ کربلا کے بھائی جان!
دُور ہوں عطّار کے رنج و اَلَم[17]

مدینہ

الفاظ ومَعانی: ۱راکِب: سُوار۔ ۲دوش: کندھا۔ ۳لال: بیٹا۔ ۴پِسَر: بیٹا۔ ۵مُضْطَر: بےقرار۔ ۶چشمِ نَم: روتی آنکھ۔ ۷خُو: عادت۔ ۸لَب: زبان۔ ۹دَم بَدَم: ہر وقت۔ ۱۰سَخا: سخاوت۔ ۱۱عالی حَشَم: بہت بزرگی والا۔ ۱۲خَم: جھکا ہوا۔ ۱۳عرصۂ محشر: قِیامت کا میدان۔ ۱۴بَھرَم: لاج۔ ۱۵سدا: ہمیشہ۔ ۱۶وَلوَلہ: بہت زیادہ شوق۔ ۱۷اَلَم: غَم۔

www.dawateislami.net

ترے در پہ آؤں امامِ غزالی! (رَحْمَۃُ اللّٰہِ علیہ)

(۱۵ ربیع الآخر شریف ۱۴۳۷ھ/26-01-2016)

ترے در پہ آؤں امامِ غزالی ترا فیض پاؤں امامِ غزالی!
امامِ غزالی! ترے در پہ آکر مقدّر جگاؤں امامِ غزالی!
لئے خالی جھولی مَیں در پر کھڑا ہوں نہ مایوس جاؤں امامِ غزالی!
ترے در سے تقویٰ کی اے کاش! آقا! مَیں خیرات پاؤں امامِ غزالی!
امامِ تصوُّف! سب اَمراضِ دل سے خلاصی مَیں پاؤں امامِ غزالی!
مِری روحِ بیمار کا کیجے چارہ کہ صحّت مَیں پاؤں امامِ غزالی!
تری دینی خدمات اَللّٰہُ اَکْبَر! مَیں قربان جاؤں امامِ غزالی!
کرم ایسا کردو خدا کی عبادت کی لذّت مَیں پاؤں امامِ غزالی!
کرم ایسا کردو کہ سجدوں کا میں بھی شہا! لطف اُٹھاؤں امامِ غزالی!
تو ایسا گما عشقِ حق میں نہ ہرگز پتا اپنا پاؤں امامِ غزالی!
کرم! وقتِ رحلت ہے کلمے سے محروم کہیں مر نہ جاؤں امامِ غزالی!

شہا! قلبِ عطّار کی یہ صدا ہے
میں روضے پہ آؤں امامِ غزالی

www.dawateislami.net

چلو نماز کو چلیں

(۶ جُمادَی الاُخرٰی ۱۴۴۲ھ/19-01-2021)

نَماز مصطَفٰی پڑھیں خُدا کے سامنے جُھکیں
صَحابہ بھی یہی کریں مُبَلِّغیں سبھی کہیں
چلو نَماز کو چلیں
اُٹھو نَماز کو چلیں

کرم کی ہوں گی بارِشیں خُدا کی ہوں گی رَحمتیں
نَماز میں ہیں برکتیں تمہیں ملیں گی جنّتیں
چلو نَماز کو چلیں
اُٹھو نَماز کو چلیں

صدا اَذان کی سنو اُسی دم اُٹھ کے چل پڑو
ذرا نہ دیر اب کرو خُدا کے گھر کی راہ لو
چلو نَماز کو چلیں
اُٹھو نَماز کو چلیں

نہیں ہے جس میں بندگی فُضُول ہے وہ زندگی
گُنہ نِری ہے گندگی نَماز اچّھی بندگی

www.dawateislami.net

چلو نَماز کو چلیں
اُٹھو نَماز کو چلیں

ہوں دُور ساری آفتیں حل آپ کی ہوں مُشکلیں
ہو جائیں خَتْم شامتیں نَماز دے گی راحتیں

چلو نَماز کو چلیں
اُٹھو نَماز کو چلیں

خُدا کرے کہ حج کروں مدینے کاش پھر چلوں
فُضُولیات سے بچوں میں مومنوں سے یہ کہوں

چلو نَماز کو چلیں
اُٹھو نَماز کو چلیں

خُدا کا تم پہ فَضْل ہو نَماز وَقْت پر پڑھو
نہ غفلت اِس میں کچھ کرو یہ کہہ کے مسجِدیں بھرو

چلو نَماز کو چلیں
اُٹھو نَماز کو چلیں

www.dawateislami.net

یومِ دعوتِ اسلامی کا جشن ہے گھر گھر

(۲۳ مُحَرَّمُ الحرام شریف ۱۴۴۳ھ/1-9-2021)

یومِ دعوتِ اسلامی کا جشن ہے گھر گھر
مصطفٰے کے دیوانے، کیوں نہ جھومیں خُوش ہوکر

ہم کو دعوتِ اسلامی کا ہے دیا ماحول
تیرا شُکر ادا کیوں کر، ہو خُدائے بحر و بر!

آؤ دعوتِ اسلامی پلائے گی پیاسو!
اُلفتِ محمد کے، خوب جام بھر بھر کر

سیکھو آکے قُرآں تم اور نماز پڑھنا تم
آ کے دعوتِ اسلامی میں پاؤ رب کا ڈر

حج کا جذبہ ملتا ہے، ذَوقِ طَیبہ بڑھتا ہے
لے لو دعوتِ اسلامی میں آ کے یہ گوہر

واسِطہ تجھے مَولیٰ! سبز سبز گُنْبد کا
آل اور صَحابہ کا، عشق تو عِنایت کر

جِس کو دعوتِ اسلامی خُدا نے دی عطّاؔر
خُوش نصیبی ہے اُس کی ہے بڑا وہ بَخْتاوَر

www.dawateislami.net

یومِ دعوتِ اسلامی ہے

(۲۳ مُحرّم شریف ۱۴۴۳ھ/2021-9-1)

خوشیاں منائیں اہلِ سُنّت، یومِ دعوتِ اسلامی ہے
خوب کریں اِظہارِ نعمت، یومِ دعوتِ اسلامی ہے
دعوتِ اسلامی میں ہے بڑھتا، عشق نبی کا خوف خُدا کا
بڑھتی ہے نیکی کی رَغبت، یومِ دعوتِ اسلامی ہے
فَضْلِ خُدائے ربُّ الْعِزَّت، ہے اور لُطفِ ماہِ رِسالت
ہم کو ملی اِصلاح کی دولت، یومِ دعوتِ اسلامی ہے
جھوٹ سے غیبت سے چُغلی سے، کر لے توبہ سُوءِ ظن سے
چھوڑ بُرائی کی ہر عادت، یومِ دعوتِ اسلامی ہے
آؤ! گُنہگارو آجاؤ! توبہ کر لو مت گھبراؤ
ہو جائے گی رب کی رَحمت، یومِ دعوتِ اسلامی ہے
چھوڑو نافرمانیاں چھوڑو، ''نیک اعمال'' سے رِشتہ جوڑو
رَحمت سے پاؤ گے جنَّت، یومِ دعوتِ اسلامی ہے
پانچوں وقت نمازیں پڑھنا، تم رمضاں کے روزے رکھنا
کرنا رب کی خوب عبادت، یومِ دعوتِ اسلامی ہے
اے اسلامی بھائیو بہنو! چُست بنو سُستی کو بھگاؤ
گھر گھر دو نیکی کی دعوت، یومِ دعوتِ اسلامی ہے
فرمائی اللہ نے رَحمت، کی تجھ کو عطّار عِنایت
دعوتِ اسلامی کی نعمت، یومِ دعوتِ اسلامی ہے

www.dawateislami.net

اللہ کی نعمت ہے یہ دعوتِ اسلامی

(١٤ محرم شریف ١٤٤٢ھ / 02-09-2020)

اللہ کی نعمت ہے، یہ دعوتِ اسلامی
آقا کی عنایت ہے، یہ دعوتِ اسلامی

رحمٰن کی رحمت ہے، یہ دعوتِ اسلامی
شیطاں کی ہلاکت ہے، یہ دعوتِ اسلامی

اسلام کی زینت[1] ہے، یہ دعوتِ اسلامی
اور دین کی عزّت ہے، یہ دعوتِ اسلامی

اسلام کی قوّت ہے، یہ دعوتِ اسلامی
اور دین کی شوکت[2] ہے، یہ دعوتِ اسلامی

اسلام کی دعوت ہے، یہ دعوتِ اسلامی
اور داعیِ[3] سنّت ہے، یہ دعوتِ اسلامی

سب نبیوں کی، ولیوں کی، اَصحاب کی اہلِ بیت
کی خاص عنایت ہے، یہ دعوتِ اسلامی

[1] خوب صورتی [2] شان [3] جو دعوت دے

www.dawateislami.net

فیضانِ رضا ہے اور، یہ غوث کا فیضاں ہے
خواجہ کی حمایت ہے، یہ دعوتِ اسلامی
عُشّاقِ محمد کی ٹھنڈک ہے یہ آنکھوں کی
ہر دل میں سَرایَت[٤] ہے، یہ دعوتِ اسلامی
موجودہ سیاست سے ہے اس کو عَلاقہ[٥] کیا!
بس نیکی کی دعوت ہے، یہ دعوتِ اسلامی
اللہ کے ڈر میں اور اُلفت میں محمد (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) کی
کرواتی زِیادَت ہے، یہ دعوتِ اسلامی
دیدارِ محمد (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) کی حسرت میں تمنّا میں
کرواتی زِیادَت ہے، یہ دعوتِ اسلامی
سرکار کے روضے کے دیدار کی حسرت میں
کرواتی زِیادَت ہے، یہ دعوتِ اسلامی
آپس کی مَحَبَّت کے یہ جام پلاتی ہے
اور دافِع[٦] نفرت ہے، یہ دعوتِ اسلامی

مدینہ

٤: سما جانا ٥: تعلّق ٦: دور کرنے والا

www.dawateislami.net

ملحوظ[۷] شریعت ہے، تو پاسِ طریقت ہے
سر تا پا سعادت[۸] ہے، یہ دعوتِ اسلامی

اسلام کی تعلیمات اور دین کے احکامات
سکھلاتی شریعت ہے، یہ دعوتِ اسلامی

قرآں کی تلاوت ہے، نعتوں کی حلاوت[۹] ہے
اَذکار کی لذّت ہے، یہ دعوتِ اسلامی

آ جاؤ گنہگارو! بدکارو! سیہ کارو!
بے شک رہِ جنّت ہے، یہ دعوتِ اسلامی

سرکار کی دُکھیاری اُمّت کی ہے خیر اَندیش[۱۰]
اور خادمِ مِلّت ہے، یہ دعوتِ اسلامی

اللہ کی رَحمت سے دُنیا میں بھی عُقبیٰ[۱۱] میں
عطّار کی راحت ہے، یہ دعوتِ اسلامی

۷: لحاظ کیا گیا ۸: خوش نصیبی ۹: مٹھاس، لذّت ۱۰: بھلائی چاہنے والا ۱۱: آخرت

www.dawateislami.net

نَنّھے مُنّے پیارے بچّو!

(۲۸ جُمادَی الْاُولٰی ۱۴۴۲ھ/13-01-2021)

نَنّھے مُنّے پیارے بچّو! شاد رہو تم سارے بچّو!

پانچ نَمازیں روز پڑھو، رب ہوگا راضی پیارے بچّو!

سب اَصْحابِ نبی جنّت میں جائیں گے اے پیارے بچّو!

اہلِ بیت ہمارے سر کے تاج ہیں پیارے پیارے بچّو!

غوث و رضا کے ہم ہیں خادِم وہ ہیں ہمارے پیارے بچّو!

امّی ابّو کی آنکھوں کے جگ مگ جگ مگ تارے بچّو!

چِپس اور ٹافی ٹھیک نہیں ہیں کھاؤ مت اے پیارے بچّو!

امّی جو بھی دے وہ کھا لو ضِد نہ کرو اے پیارے بچّو!

خوش امّی ابّو کو رکّھو ہوں گے وارے نیارے بچّو!

مولا حاجی تم کو بنائے طَیبہ دیکھو پیارے بچّو!

www.dawateislami.net

مکّہ مدینہ حاضِر ہو کر خوب کرو نظّارے بچّو!

ذِکْر کرو اور نعت پڑھو تم خوب اے میرے پیارے بچّو!

غِیبت چُغلی ٹھیک نہیں ہے بچ کے رہنا پیارے بچّو!

سچّے بچّے اچّھے بچّے جھوٹ نہ بولو پیارے بچّو!

گالی گندے بچّے دیتے ہیں تم بچنا پیارے بچّو!

گندہ بچّہ ہے وہ سن لو بچّوں کو جو مارے بچّو!

لڑنا بِھڑنا ٹھیک نہیں ہے مِل کر رہنا سارے بچّو!

مت کُتّے بلّی کو مارو تڑپیں گے بے چارے بچّو!

کیڑوں کو بے کار نہ مارو اچّھے بچّو! پیارے بچّو!

چیونٹی کو بے کار نہ مارو اچّھے بچّو! پیارے بچّو!

ہو جائے عطّار کی بخشش

مِل کے دُعا دو سارے بچّو!

www.dawateislami.net

لاکھوں سلام تم پر

(پہلی رجب شریف ۱۴۴۱ھ / 26-02-2020)

محبوبِ ربِّ اکرم! لاکھوں سلام تم پر
لاکھوں دُرُود ہر دم لاکھوں سلام تم پر

تم حاکِمِ زماں ہو، سلطانِ دو جہاں ہو
اے سَرورِ مُعَظّم لاکھوں سلام تم پر

پیارے نبی! شَفاعَت کی بھیک ہو عِنایت
رَحمت ہو جانِ عالَم لاکھوں سلام تم پر

دل میں تمہاری اُلفت ہے دے دو اس میں برکت
ہرگز نہ ہو کبھی کم، لاکھوں سلام تم پر

اے والیِ مدینہ بُلوائیے مدینہ
کاش آ کے یہ پڑھیں ہم لاکھوں سلام تم پر

یا مصطفٰی! کرم ہو جس دم لبوں پہ دَم ہو
کلمہ پڑھوں میں اُس دم لاکھوں سلام تم پر

سرکار! ہو عِنایت دیدار ہو عِنایت
جلووں پہ مَر مِٹیں ہم لاکھوں سلام تم پر

www.dawateislami.net

عشق اپنا دے دو مجھ کو | اُن کے طُفیل میں جو
میرے ہیں غوثِ اعظم | لاکھوں سلام تم پر
شیطان و نفس ہائے! | برباد کرنے آئے
فریاد! شاہِ عالَم! | لاکھوں سلام تم پر
رنج و الم نے مارا | لِلّٰہ دو سہارا
آقا! شفیعِ اعظم | لاکھوں سلام تم پر
دنیا کے غم مٹا دو، | عُقبیٰ کے غم مٹا دو
کر دو غموں سے بے غم | لاکھوں سلام تم پر
مُرجھایا دل کِھل اُٹھے | دے دو رضؔا کے صدقے
داغِ جگر کا مرہم | لاکھوں سلام تم پر
رحمت ہو یا نبی اب | ہوں ختم نفرتیں سب
سُنّی ہوں سب مُنظّم | لاکھوں سلام تم پر

عطّاؔر کو خدا نے، بخشا تمہارے صدقے
تھا لائقِ جہنّم، لاکھوں سلام تم پر

www.dawateislami.net

نعرے

خَتمِ نُبُوّت کے مُتعلِّق نعرے

(۳ صفر شریف ۱۴۴۴ھ / 31-08-2022)

محمدِ مصطفٰی	سب سے آخری نبی
احمدِ مجتبٰی	سب سے آخری نبی
آمنہ کا لاڈلا	سب سے آخری نبی
شاہِ ہر دوسرا	سب سے آخری نبی
تاجدارِ انبیا	سب سے آخری نبی
ہیں حبیبِ کبریا	سب سے آخری نبی
ہیں شفیعُ الورا	سب سے آخری نبی
عاصیوں کا آسرا	سب سے آخری نبی
اِعتقادِ فاطمہ	سب سے آخری نبی
ہے یقینِ عائشہ	سب سے آخری نبی
عقیدہ سب صحابہ کا	سب سے آخری نبی

عقیدہ اہلِ بَیت کا   سب سے آخِری نبی
عقیدہ غوثِ پاک کا   سب سے آخِری نبی
اَوْلِیا نے بھی کہا   سب سے آخِری نبی
شَیخ وشاب نے کہا   سب سے آخِری نبی
بچّہ بچّہ بول اٹھا   سب سے آخِری نبی
ہے عقیدۂ رضا،   سب سے آخِری نبی
نعرہ ہے عطّار کا،   سب سے آخِری نبی

جشنِ معراج کے لیے نعرے

(۲۵ رَجَب شریف ۱۴۴۲ھ/10-3-2021)

مرحبا مرحبا   صاحِبِ مِعْراج
لُطْفِ حق ہو گیا   صاحِبِ معراج
تم کو معراج کا   صاحِبِ معراج
حق سے مُژْدہ ملا   صاحِبِ معراج

رَحْمتِ کِبریا   صاحِبِ مِعْراج
شاہِ ہر دو سَرا   صاحِبِ معراج
رَہبر و رہنُما   صاحِبِ معراج
نیک دیجئے بنا   صاحِبِ معراج

ہو مُبارَک شہا! صاحِبِ معراج
یا شَفِیْعَ الْوریٰ صاحِبِ معراج

جلوۂ کبریا صاحِبِ معراج
بخشوا دو خطا صاحِبِ معراج

خاتَمُ الْاَنْبِیا صاحِبِ معراج
سیِّدُ الْاَسْخیا صاحِبِ معراج

نُورِ ربُّ الْعُلیٰ صاحِبِ معراج
بھر دو کاسہ مِرا صاحِبِ معراج

ہر صحابیِ نبی جنّتی جنّتی

(۲۲ مُحَرَّم شریف ۱۴۴۲ھ/2020-9-10)

ہر صحابیِ نبی! جنّتی جنّتی
سب صحابیات بھی! جنّتی جنّتی

چار یارانِ نبی! جنّتی جنّتی
حضرتِ صدّیق بھی! جنّتی جنّتی

اور عُمر فاروق بھی! جنّتی جنّتی
عُثمانِ غنی! جنّتی جنّتی

فاطمہ اور علی! جنّتی جنّتی
ہیں حَسَن حُسین بھی! جنّتی جنّتی

والدَینِ نبی! جنّتی جنّتی
ہر زوجۂ نبی! جنّتی جنّتی

اور ابو سُفیان بھی! جنّتی جنّتی
ہیں مُعاویہ بھی! جنّتی جنّتی

www.dawateislami.net

عاشقِ مصطفٰی مُرتَضٰی مُرتَضٰی

(۱۲ رجب شریف ۱۴۴۰ھ/19-03-2019)

عاشقِ مصطفٰی، مُرتَضٰی مُرتَضٰی
سیّدُ الاولیا، مُرتَضٰی مُرتَضٰی

ہیں خائفِ خدا، مُرتَضٰی مُرتَضٰی
مُتّقی پارسا، مُرتَضٰی مُرتَضٰی

بِالیقیں دِلیر ہیں، مُرتَضٰی مُرتَضٰی
اپنے رب کے شیر ہیں، مُرتَضٰی مُرتَضٰی

شہرِ عِلم کے ہیں باب، مُرتَضٰی مُرتَضٰی
بُوالحسن بُوتُراب، مُرتَضٰی مُرتَضٰی

والدِ حُسین ہیں، مُرتَضٰی مُرتَضٰی
غمزدوں کا چین ہیں، مُرتَضٰی مُرتَضٰی

یا علی مُرتَضٰی! مُرتَضٰی مُرتَضٰی
ہو کرم ہو عطا مُرتَضٰی مُرتَضٰی

در پہ آئے ہیں گدا، مُرتَضٰی مُرتَضٰی
بھیک دیجئے شہا، مُرتَضٰی مُرتَضٰی

دردِ دل کر عطا، مُرتَضٰی مُرتَضٰی
آل کا واسِطہ، مُرتَضٰی مُرتَضٰی

دو گناہ کی دوا، مُرتَضٰی مُرتَضٰی
مجھ کو نیک دو بنا، مُرتَضٰی مُرتَضٰی

www.dawateislami.net

دُخترِ مصطفٰے سیِّدہ فاطمہ

یومِ عرس 3 رَمَضانُ المبارک

(۲ رَمَضان شریف ۱۴۳۹ھ/ 18-05-2018)

دُخترِ مصطفٰے، سیِّدہ فاطمہ
زوجۂ مرتضٰی، سیِّدہ فاطمہ
صالحہ پارسا، سیِّدہ فاطمہ
مُطْلَقًا باحیا، سیِّدہ فاطمہ
سیِّدہ زاہرہ، سیِّدہ فاطمہ
طیِّبہ طاہرہ، سیِّدہ فاطمہ
عابدہ زاہدہ، سیِّدہ فاطمہ
صابرہ شاکرہ، سیِّدہ فاطمہ
ساجِدہ صائمہ، سیِّدہ فاطمہ
عارِفہ عادِلہ، سیِّدہ فاطمہ
عالمہ عامِلہ، سیِّدہ فاطمہ
عاقِلہ عاصِمہ، سیِّدہ فاطمہ
خُلد میں داخِلہ، سیِّدہ فاطمہ
دو خدا سے دِلا، سیِّدہ فاطمہ

ہو کرم ہو عطا سیِّدہ فاطمہ

ہیں حسن مجتبیٰ

یومِ عرس 5 ربیعُ الاوّل

(۴ ربیعُ الاوّل شریف ۱۴۳۹ھ/ 23-11-2017)

صاحِبُ الاِتّقا، ہیں حسن مُجتبیٰ
سیِّدُ الاَسخیا، ہیں حسن مُجتبیٰ
نواسۂ مصطفٰے، ہیں حسن مُجتبیٰ
فرزندِ مُرتضٰی، ہیں حسن مُجتبیٰ
نورِ عینِ فاطمہ، ہیں حسن مُجتبیٰ
دل بندِ مُرتَضٰی، ہیں حسن مُجتبیٰ

www.dawateislami.net

خائفِ کبریا، ہیں حسن مُجتبیٰ
صالح و پارسا، ہیں حسن مُجتبیٰ

باخدا باصفا، ہیں حسن مُجتبیٰ
بایقیں با وفا، ہیں حسن مُجتبیٰ

جنّتی بے شُبہ، ہیں حسن مُجتبیٰ
باعمل بے ریا، ہیں حسن مُجتبیٰ

دلبر و دلرُبا، ہیں حسن مُجتبیٰ
رہبر و رہنما، ہیں حسن مُجتبیٰ

سیّدوں کے پیشوا، ہیں حسن مُجتبیٰ
ہیں شہیدِ باوفا، ہیں حسن مُجتبیٰ

یاشہیدِ کربلا

(۵ جُمادَی الاُولیٰ ۱۴۴۲ھ/21-12-2020)

نواسۂ مصطفیٰ، یاشہیدِ کربلا
نورِ عینِ فاطمہ، یاشہیدِ کربلا

تم ہو آلِ مصطفیٰ، یاشہیدِ کربلا
اور ابنِ مُرتضیٰ، یاشہیدِ کربلا

مُتّقی و پارسا، یاشہیدِ کربلا
اے شہید باوفا، یاشہیدِ کربلا

جب بھی تیرا سر جھکا، یاشہیدِ کربلا
حق کے رُوبرو جھکا، یاشہیدِ کربلا

عاشقوں کا ہو بھلا، یاشہیدِ کربلا
دشمنوں کا خاتمہ، یاشہیدِ کربلا

مصطفیٰ کا واسِطہ، یاشہیدِ کربلا
اپنا عشق دو شہا، یاشہیدِ کربلا

گو سراپا ہوں خطا، یاشہیدِ کربلا
آپ کا ہوں آپ کا، یاشہیدِ کربلا

آپ کیجئے دُعا، یاشہیدِ کربلا
بخش دے مجھے خدا، یاشہیدِ کربلا

کربلا میں لو بُلا، یاشہیدِ کربلا
روضہ دیکھیں آپ کا، یاشہیدِ کربلا

www.dawateislami.net

در پہ آگئے گدا، یاشہیدِ کربلا | دیجئے مُدّعا، یاشہیدِ کربلا
دور ہو ہر بلا، یاشہیدِ کربلا | از طُفیلِ فاطمہ، یاشہیدِ کربلا

سیِّدُ الشُّہدا یا امیرِ حمزہ

(۱۵ شوّال شریف ۱۴۳۹ھ/30-6-2018)

سیِّدُ الشُّہدا یاامیرِ حمزہ | عاشقِ مصطفٰی یاامیرِ حمزہ
یا امیرِ طیبہ یاامیرِ حمزہ | یا دافعَ البلا یاامیرِ حمزہ
دور ہوں رنج و بلا یاامیرِ حمزہ | زیر ہو دشمن مرا یاامیرِ حمزہ
آپ ہیں شیرِ خدا یاامیرِ حمزہ | آپ شیرِ مصطفٰی یاامیرِ حمزہ
ہو کرم ہو عطا یاامیرِ حمزہ | خواب میں جلوہ دکھا یاامیرِ حمزہ
یہ شرف ہو عطا یاامیرِ حمزہ | دیکھ لوں روضہ ترا یاامیرِ حمزہ

خائفِ کبریا حضرتِ مُعاوِیہ

(رَمَضانُ شریف ۱۴۴۰ھ/ جون 2019ء)

خائفِ کبریا، حضرتِ مُعاوِیہ | عاشقِ مصطفٰی، حضرتِ مُعاوِیہ
زاہد و پارسا، حضرتِ مُعاوِیہ | صاحبِ اتّقا، حضرتِ مُعاوِیہ
ہو کرم ہو عطا، حضرتِ مُعاوِیہ | خاتمہ ہو بھلا، حضرتِ مُعاوِیہ

www.dawateislami.net

خوب رُو خوش ادا،	حضرتِ مُعاوِیہ	خوش نما خوش لِقا،	حضرتِ مُعاوِیہ
مخلِص و باوفا،	حضرتِ مُعاوِیہ	باعمل بے ریا،	حضرتِ مُعاوِیہ
ہم دمِ باوفا،	حضرتِ مُعاوِیہ	باادب باحَیا،	حضرتِ مُعاوِیہ
جنّتی بے شُبہ،	حضرتِ مُعاوِیہ	باخدا باصَفا،	حضرتِ مُعاوِیہ

کرم سے ہم پر امامِ جعفر

کرم سے ہم پر	امامِ جعفر	ہیں سایہ گُستر	امامِ جعفر
ہمیں ہو کیوں کر	امامِ جعفر	عدو کا اب ڈر	امامِ جعفر
سَخا کے پیکر	امامِ جعفر	غریب پرور	امامِ جعفر
حیا کے پیکر	امامِ جعفر	ہمارے رہبر	امامِ جعفر
تُو دُور دلبر	امامِ جعفر	غم و الم کر	امامِ جعفر

فیضانِ جعفرِ صادق! جاری رہے گا

فیضانِ جعفرِ صادق! جاری رہے گا

عَظَمتِ امام جعفر!	مرحبا! مرحبا!	بَرَکتِ امام جعفر!	مرحبا! مرحبا!
صداقتِ امام جعفر!	مرحبا! مرحبا!	شرافتِ امام جعفر!	مرحبا! مرحبا!
سیادتِ امام جعفر!	مرحبا! مرحبا!	کرامتِ امام جعفر!	مرحبا! مرحبا!

www.dawateislami.net

بغداد بُلاؤ! غوثِ پاک

(۲ ربیعُ الآخر شریف ۱۴۴۰ھ/10-12-2018)

بغداد بُلاؤ! غوثِ پاک | روضہ بھی دکھاؤ! غوثِ پاک
تم خواب میں آؤ! غوثِ پاک | دیدار کراؤ! غوثِ پاک
دیوانہ بناؤ! غوثِ پاک | مستانہ بناؤ! غوثِ پاک
غیروں سے چھڑاؤ! غوثِ پاک | بس اپنا بناؤ! غوثِ پاک
عصیاں سے بچاؤ! غوثِ پاک | اور نیک بناؤ! غوثِ پاک
تم نزع میں آؤ! غوثِ پاک | شیطاں کو بھگاؤ! غوثِ پاک
ایمان بچاؤ! غوثِ پاک | اور کلمہ پڑھاؤ! غوثِ پاک
اب قبر میں آؤ! غوثِ پاک | وحشت سے بچاؤ! غوثِ پاک
دوزخ سے بچاؤ! غوثِ پاک | جنّت میں بساؤ! غوثِ پاک

ہیں پیرِ پیراں غوثِ پاک

(۶ ربیعُ الآخر شریف ۱۴۴۰ھ/14-12-2018)

ہیں پیرِ پیراں غوثِ پاک | ہیں میرِ میراں غوثِ پاک
محبوبِ سبحاں غوثِ پاک | ولیوں کے سلطاں غوثِ پاک
محبوبِ یزداں غوثِ پاک | سلطانِ ذیشاں غوثِ پاک

www.dawateislami.net

مشکل ہو آساں غوثِ پاک
دو درد کا درماں غوثِ پاک
فرماؤ احساں غوثِ پاک
راحت کا ساماں غوثِ پاک
بُلواؤ جاناں غوثِ پاک
بن جاؤں مہماں غوثِ پاک
جس وقت چلے جاں غوثِ پاک
یا پیر! ہو احساں غوثِ پاک
پورا ہو جاناں غوثِ پاک
دیدار کا ارماں غوثِ پاک
ہوجائے مری جاں غوثِ پاک
بس آپ پہ قرباں غوثِ پاک
ٹل جائے شیطاں غوثِ پاک
بچ جائے ایماں غوثِ پاک
اُف! حشر کا میداں غوثِ پاک
لو زیرِ داماں غوثِ پاک
ہو میری جاناں غوثِ پاک
بخشش کا ساماں غوثِ پاک

دم دَما دم دستگیر غوثِ اعظم دستگیر

(۸ ربیع الآخر شریف ۱۴۴۰ھ/16-12-2018)

دم دما دم دَسْت گیر غوثِ اعظم دستگیر
میرا پیر میرا پیر غوثِ اعظم دستگیر
محبوبِ ربِّ قدیر غوثِ اعظم دستگیر

www.dawateislami.net

سارے پیروں کے ہیں پیر غوثِ اعظم دستگیر
بے مثال و بے نظیر غوثِ اعظم دستگیر
دِلپسند و دِلپذیر غوثِ اعظم دستگیر
اے مِرے روشن ضَمیر غوثِ اعظم دستگیر
قلب کردو مُستَنیر غوثِ اعظم دستگیر
آپ ہیں پیروں کے پیر غوثِ اعظم دستگیر
آپ ولیوں کے امیر غوثِ اعظم دستگیر
کاش! بن جاؤں اے پیر غوثِ اعظم دستگیر
تیری زلفوں کا اسیر غوثِ اعظم دستگیر
آگئے مُنکر نکیر غوثِ اعظم دستگیر
ہو کرم اے میرے پیر غوثِ اعظم دستگیر
زیر ہو نفسِ شریر غوثِ اعظم دستگیر
ہر بلا کو دیجے چیر غوثِ اعظم دستگیر
آہ! وہ نارِ سَعیر غوثِ اعظم دستگیر
بخشوادو میرے پیر غوثِ اعظم دستگیر

www.dawateislami.net

غریب نواز! غریب نواز!

(۲ رَجَب شریف ۱۴۳۹ھ/20-03-2018)

خواجۂ خواجگاں! غریب نواز، غریب نواز
قبلۂ عارِفاں! غریب نواز، غریب نواز

سیّدِ زاہداں! غریب نواز، غریب نواز
زینتِ عارِفاں! غریب نواز، غریب نواز

مُرشدِ ناقِصاں! غریب نواز، غریب نواز
رہبرِ کامِلاں! غریب نواز، غریب نواز

ہادیِ گمرہاں! غریب نواز، غریب نواز
مُصْلِحِ عاصیاں! غریب نواز، غریب نواز

حامیِ بےبَساں! غریب نواز، غریب نواز
ہیں کسِ بےکساں غریب نواز، غریب نواز

اے شہِ صالحاں غریب نواز، غریب نواز
ہم پہ ہوں مہرباں غریب نواز، غریب نواز

ہیں رضا، ہیں رضا

(اعلیٰ حضرت کا جشنِ ولادت 10 شوالُ المکرّم کو ہوتا ہے)

(۹ شوّال شریف ۱۴۴۰ھ/ 13-6-2019)

خائفِ کبریا، ہیں رضا ہیں رضا
عاشقِ مصطفےٰ، ہیں رضا ہیں رضا

سنّیوں کے پیشوا، ہیں رضا ہیں رضا
رہبر و رہنما، ہیں رضا ہیں رضا

صوفیِ باصفا، ہیں رضا ہیں رضا
صاحبِ اِتّقا، ہیں رضا ہیں رضا

خوبرو خوش ادا، ہیں رضا ہیں رضا
دِلبر و دلربا، ہیں رضا ہیں رضا

عاشقِ اولیا، ہیں رضا ہیں رضا
زینتِ اَتْقِیا، ہیں رضا ہیں رضا

عالِمِ باعمل، ہیں رضا ہیں رضا
مفتیِ بےبدل، ہیں رضا ہیں رضا

www.dawateislami.net

مدینے اَچاں آوَں، مکّے اَچاں آوَں (میمنی زبان میں)

(۲۷ ذیقعدہ ۱۴۴۲ھ/08-7-2021)

مدینے اَچاں آوَں، مکّے اَچاں آوَں
ڈِساں سبز گنبد، نے کعبو ڈِساں آوَں
شَرَف حج جو مکّے عطا کر الٰہی!
محمد جو (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) روضو اَچی نے ڈِساں آوَں
مجھی خالی جھولی کے رحمت جی خیرات
سے آقا! مدینے اَچی نے بھراں آوَں
گناہیں جو بیمار حاضر تھیو آئے
شفا ڈی ڈِیو نیک بندو بناں آوَں
مجھے دل تے نظرِ کرم اے ڑی آقا
کرو، عشق میں خوب تڑپاں رُاں آوَں
مدینے جو ایڑو مکے غم عطا کر
فراقِ مدینہ میں آہوں بھراں آوَں
مدینے جو دیوانو ایڑو بنایو
مدینے جی گلیں میں جھاڑو کڈھاں آوَں
تو قابو ڈے مولا جُبھاتے نے کَن تے
سدا سارو بولاں نے سارو سناں آوَں
تھئے کاش! دیدار چھیل لی گھڑی میں
مرَن ٹانے عطّار کلموں پڑھاں آوَں

www.dawateislami.net

مُجھا پیر نے پیشوا غوثِ اعظم (میمنی زبان میں)

(۱۸ ذِی الْحج ۱۴۴۲ھ/29-7-2021)

مُجھا پیر نے پیشوا غوثِ اعظم
مُجھا رہبر و رہنُما، غوثِ اعظم

کَرم غوثِ اعظم! عطا غوثِ اعظم
ڈِیو حاضِری جی، رَجا غوثِ اعظم

رکے ہانے بغداد بَرکایو مُرشِد!
گھنا وَر اَچے تھی، وِیا غوثِ اعظم

عبادت رِیاضت، تِلاوت سخاوت
گھَنی کرنا وا مرحبا! غوثِ اعظم

مُجھے غوث جی تاں، کُرو گھال کرنی
بَدھے اَولیا جا، وَڈا غوثِ اعظم

قدم گردنیں تے، بَدھے اولیا جی
فَقَط آئیں جو آءِ یا غوثِ اعظم

خدا نے نبی رہُن، راضی ہمیشہ
مُجھے حق میں کرجا، دُعا غوثِ اعظم

www.dawateislami.net

فَنا ٿِي وِناں عشق ۾ آئيں جي ڪاش!
رِهَندي اَيڙهي نعمت، عطا غوثِ اعظم

ڪرم اَيڙهو ٿِيَ رِهِين ديدار، مرشد!
رِکِّي خواب ۾ آئيں جا غوثِ اعظم

گُناهين جِي عادت، وِني اَيڙهي ڪر جا
خُدارا خدا سي، دعا غوثِ اعظم

وَسيلو شهيدانِ ڪَرب و بلا جو
بَلائُون ڪرو دُور يا غوثِ اعظم

جُڙي باغِ جنّت ۾ مُرشد وِنو آئيں
رِکِي اَيڪ لَو ڇهڙ جانا غوثِ اعظم

خدا صِحّت و عافيت سي نوازي
ڪَرونا دُعائي شِفا غوثِ اعظم

گُنہگار عطّار ڪي بخشوايو
ڪَهِي نِي رِگي هي سزا غوثِ اعظم

غمِ مدینہ و بقیع،
مغفرت اور بے حساب
جنّت الفردوس میں آقا
کے پڑوس کا طالب
۲۱ صفر شریف ۱۴۴۳ھ
29-9-2021

www.dawateislami.net

فہرس

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
الٰہی! میں تیری عطا مانگتا ہوں	1	کرم ہے خدا کا، خدا کی عطا ہے	31
شَرَف مجھ کو ہر سال حج کا خدا دے	4	قافِلہ سوئے مدینہ آرہا ہے ہو کرم	33
یا خدا حج کا شرف دے مصطفٰے کے واسطے	7	کیوں نہ ہو رُتبہ بڑا اَصحاب واہلِ بیت کا	35
بخش دے میری ہر اِک خطا یا خدا	9	یا حَسَن ابنِ علی! کر دو کرم	37
یا خدا! پاک وطن کی تُو حفاظت فرما	12	ترے در پہ آؤں امامِ غزالی!	39
اے خدا ہر مبلّغ کو آباد رکھ	14	چلو نَماز کو چلیں	40
"کرونا" سے ہم کو بچا یا الٰہی	15	یومِ دعوتِ اسلامی کا جشن ہے گھر گھر	42
گدائے اعلیٰ حضرت ہوں	16	یومِ دعوتِ اسلامی ہے	43
حج کے اسباب آقا بنا دو	18	اللہ کی نعمت ہے یہ دعوتِ اسلامی	44
میٹھے مدینے میں بُلا اے آخری نبی	20	ننّھے مُنّے پیارے بچّو!	47
ہر عبادت سے اعلیٰ عبادت نَماز	22	لاکھوں سلام تم پر	49
ماہِ رمضان آنے والا ہے	24	نعرے	51
جہاں میں پھر مہِ رَمضان آ گیا یا رب!	26	مدینے آجاں آؤں، مکّے آجاں آؤں	63
مجھ کو رَمَضان سے مَحبّت ہے	29	مجھا پیرے نے پیشوا غوثِ اعظم	64

www.dawateislami.net

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

گلا بیٹھ گیا ہو تو ۔۔۔

پیاز کا رس ایک تولہ (تقریباً 12 گرام)، شہد دو تولہ (تقریباً 25 گرام) ملا کر گرم کر کے پینے سے بیٹھی ہوئی آواز صاف ہو جائے گی۔ اِنْ شَآءَ اللّٰه۔

(گھریلو علاج صفحہ 61 مکتبۃ المدینہ)

978-969-722-110-3
01082136

فیضانِ مدینہ محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی کراچی
UAN +92 21 111 25 26 92   0313-1139278
www.maktabatulmadinah.com / www.dawateislami.net
feedback@maktabatulmadinah.com / ilmia@dawateislami.net